© rasailojaraid.com



**فلسفۂ نماز** از مولانا محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند، تقطیع کلاں ضخامت نو صفحات۔ کتابت و طباعت متوسط کاغذ عمدہ قیمت عہ پتہ:۔ ناظم و مہتمم صاحب مدرسۂ عربی خیر المدارس جالندھر شہر

یہ دراصل ایک تقریر ہے جو مولانا محمد طیب صاحب نے مدرسۂ خیر المدارس جالندھر شہر کے بارہویں سالانہ جلسہ منعقدہ ۲ رجب ۱۳۶۱ھ میں فلسفۂ نماز کے موضوع پر زبانی کی تھی۔ اور اب اس کو کتابی صورت میں مدرسہ کی طرف سے شائع کر دیا گیا ہے۔ فاضل مقرر نے اپنی دیرینہ عادت کے مطابق اس تقریر میں بھی غیر معمولی نکتہ سنجی سے کام لے کر یہ دکھایا ہے کہ نماز اسلام کے تمام ارکان و عبادات کا خلاصہ و نمونہ اور تمام فضائل اخلاق کا مجموعہ ہے پھر ضمناً جو بحثیں آگئی ہیں مثلاً عقل اور وجدان کا تصادم۔ عقل کی کم مائگی اور بے بسی۔ وحی کی قطعیت اور اس کا ناقابل شک ہونا۔ انسان کا عالم صغیر ہونا۔ نماز سے بعض اجتماعی اصول و قواعد کا استنباط۔ یہ اصل بحث پر مستزاد ہیں۔ چونکہ اصل میں یہ تقریر ہی ہے اس لئے اس کتاب کو یہی سمجھکر پڑھنا بھی چاہئے کہ گویا پڑھنے والا کوئی وعظ سن رہا ہے بہرحال پوری تقریر بہت دلچسپ اور قابل مطالعہ ہے۔

**ناقابل مصنف** از مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب امرتسری تقطیع متوسط ضخامت ۴۰ صفحات کتابت و طباعت معمولی قیمت ۱۰ر پتہ:۔ دفتر اہلحدیث امرتسر۔

مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب نے اس رسالہ میں اپنے خاص ظریفانہ اور مناظرانہ انداز میں مرزا غلام احمد قادیانی کی تین کتابوں "براہین احمدیہ" "آئینۂ کمالات" اور "چشمۂ معرفت" پر متکلمانہ حیثیت سے بحث کی ہے اور یہ ثابت کیا ہے کہ مرزا صاحب جس طرح مجدد یا مسیح نہیں تھے اسی طرح وہ مصنف بھی قابل نہیں تھے۔ رسالہ بہت دلچسپ ہے اور مولانا نے جس انداز میں تنقید کی ہے اس سے مولانا کی ذہانت و طباعی اور پختہ استعداد علمی کا ثبوت ملتا ہے۔ علاوہ ایک مذہبی بحث ہونے کے فن تنقید کے لحاظ سے بھی یہ رسالہ لائق مطالعہ ہے۔



© rasailojaraid.com